## سوال

(43) مبلغ کی شرائط

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امت محمدیہ کا ہر شخص مبلغ ہے۔ یا اس کے لئے کچھ شرائط ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امت محمدیہ کا ہر فرد مبلغ ہوسکتا ہے۔ بشرط یہ کہ متعلقہ موضوع سے واقفیت رکھتا ہو قرآن مجید میں ہے:

قُل هـٰذِهِ سَبيلى أَدعوا إِلَى اللَّهِ ۚ عَلىٰ بَصيرَةٍ أَنا۠ وَمَنِ اتَّبَعَنى ... ١٠٨ ... سورة یوسف

''کہہ دو میرا راستہ تو یہ ہے کہ میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں (ازروئے یقین وبرہان) سمجھ بوجھ کر میں بھی (لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں) اور میرے پیرو بھی۔''

حدیث میں ہے۔ بلغوا عنی ولو آیۃ' النظر الرقم (٢١)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

# ج1ص220

**محدث فتویٰ**